معز امجد

# خدا کے احترام سے متعلق ایک روایت

www.javedahmadghamidi.com
www.ghamidi.net

## روایت کا مضمون

ترمذی، رقم ۲۲۲۴ کے مطابق روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

من أهان سلطان اللّٰه فی الأرض أهانه اللّٰه.

---

"جس شخص نے زمین پر اللہ کے اقتدار کی توہین کی، اللہ (آخرت میں) اسے رسوا کرے گا۔"

## روایت پر تبصرہ

ترمذی کے علاوہ یہ روایت بعض اختلافات کے ساتھ درج ذیل مقامات پر نقل ہوئی ہے:

بیہقی، رقم ۱۶۴۳۶۔ احمد بن حنبل، رقم ۲۰۴۵۰، ۲۰۵۱۳۔ مسند الطیالسی، رقم ۸۸۷۔

امام ترمذی نے اس روایت کو نقل کرنے کے بعد اس پر تبصرہ کیا ہے کہ یہ روایت حسن غریب ہے۔

بعض روایات مثلاً احمد بن حنبل، رقم ۲۰۴۵۰ کے مطابق یہ روایت بعض اضافوں کے ساتھ اس طرح نقل ہوئی ہے:

من أكرم سلطان اللّٰه تبارك و تعالى فى الدنيا أكرمه اللّٰه يوم القيامة و من أهان سلطان اللّٰه تبارك و تعالى فى

"جس نے دنیا میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اقتدار کی تکریم کی، اللہ قیامت کے دن اسے عزت بخشے گا اور جس نے دنیا میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اقتدار کی

الدنيا أهانه اللّٰه يوم القيامة.    توہین کی، اللہ قیامت کے دن اسے رسوا کرے گا۔''

موجودہ دور میں علم حدیث کے ایک بڑے عالم ناصر الدین البانی صاحب نے اپنی بعض کتابوں[1] میں اس روایت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ حدیث صحیح کے درجے کی نہیں ہے، بلکہ یہ ضعیف یا حسن روایت ہے۔ ان کی اس رائے کی وجہ یہ ہے کہ اس روایت کا ایک راوی زیاد بن کسیب غیر معروف ہے اور نقل روایت میں منفرد ہونے کی وجہ سے اس کی روایت قابل قبول نہیں ہے۔

## خلاصۂ بحث

اس روایت کی سند کے بارے میں علامہ البانی صاحب کے تبصرے کے بعد ہمیں اس بات پر اطمینان حاصل نہیں رہا کہ ہم یہ بات کہہ سکیں کہ یہ بات واقعتاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہوگی۔

تخریج: محمد اسلم نجمی

کوکب شہزاد

ترجمہ و ترتیب: اظہار احمد

www.javedahmadghamidi.com
www.ghamidi.net

---

۱ ''سلسلۂ احادیث ضعیفہ'' ۶۵۹/۳، ''سلسلۂ احادیث صحیحہ'' ۳۷۶/۵۔